آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

نظامت اعلیٰ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر

پیشکش مطلوب ہے!

ہر گاہ جملہ درخواست دہندگان وخواہشمند حضرات کو بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر کے زیر انتظام سپورٹس سٹیڈیم مظفرآباد میں تعمیر شدہ 1 ہال (سائز: '36'x24) کو اوپن مارکیٹ رینٹ کی بنیاد پر رینٹ آؤٹ کیا جانا مطلوب ہے۔اس سلسلہ میں ہال کرایہ پر حاصل کرنے والے خواہشمند حضرات **مورخہ 04-02-2026 بوقت 11:00 بجے دن** تک اپنی درخواستوں کے ہمراہ دفتر نظامت اعلیٰ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر واقع سپورٹس سٹیڈیم مظفرآباد میں حاضر ہوں۔ مقررہ وقت کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں زیر غور نہیں لائی جائیں گی۔

شرائط:

01۔ بولی دہندہ بولی سے قبل مبلغ -/1,00,000 (ایک لاکھ) روپے بشکل زرضمانت جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

02۔ جمع شدہ زرضمانت ہال چھوڑنے پر واپس کردی جائے گی تاہم ہال کو نقصان ہونے کی صورت میں جمع شدہ زرضمانت سے وضعگی کی جائے گی۔

03۔ ہال کی بولی کم از کم -/30,000 (تیس ہزار) روپے سے شروع ہوگی۔

04۔ کامیاب بولی دہندہ پیشگی کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ مقررہ تاریخ کے بعد روزانہ -/100 روپے کے حساب سے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

05۔ ہال کا ماہوار بل بجلی و پانی وغیرہ بذمہ کرایہ دار پر ہوگا۔

06۔ کامیاب بولی دہندہ تحت ضابطہ محکمہ کے ساتھ معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

07۔ ہال میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ کی صورت میں تمام تر ذمہ داری کرایہ دار کی ہوگی۔

08۔ اصل کرایہ دار دیگر کسی فرد کو ہال کرایہ پر دینے کا مجاز نہ ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں معاہدہ کرایہ از خود منسوخ تصور ہوگا۔

09۔ محکمہ ہذا کی جانب سے تیار کردہ ہال میں دوران استعمال کسی قسم کی تبدیلی کے حوالہ سے پیشگی منظوری/اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگی۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ/کرایہ دار ہر سال کرایہ میں 10٪ اضافہ دینے کا پابند ہوگا۔

11۔ محکمہ ہذا دفتری ضروریات کے پیش نظر ایک ماہ پیشگی نوٹس پر ہال خالی کرانے کا مجاز ہوگا اور اگر کرایہ دار ہال خالی کرے گا تو ایک ماہ قبل محکمہ ہذا کو تحریری طور پر اس بارہ میں آگاہ کرے گا۔

ڈپٹی ڈائریکٹر (انتظامیہ)

سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر